# 13-06-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆نیٹ 2024 کے ایک ہزار پانچ سو ترسٹھ امیدواروں کو دیئے گئے اضافی نشانات منسوخ کردیئے گئے ہیں۔متاثرہ طلبہ کو 23 جون کو دوبارہ ٹسٹ میں شرکت کا موقع حاصل ہوگا۔

☆کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کمار نے آج دہلی میں وزراء کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔

☆انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ریاست میں بھیڑوں کی افزائش کی اسکیم میں مبینہ گھپلے کی تحقیقات کرے گی۔

☆تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرابابو نائیڈو نے آج شام آندھراپردیش کے چیف منسٹر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے نئے چیف منسٹر اور تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرابابو نائیڈو نے کہا ہے کہ ریاست میں صفائی کا کام تروملا سے شروع ہوگا۔تروملا مندر میں اپنے ارکان خاندان کے ہمراہ درشن کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت کی غلط حکمرانی کی وجہ سے ریاست بیس سال پیچھے چلی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت کرپشن سے پاک حکمرانی کو اولین ترجیح دے گی۔چندرابابو نائیڈو نے کہا کہ نئی حکومت سماج کے تمام طبقات کے مفادات کے تحفظ کی پابند ہے۔انہوں نے کہا کہ تروملا مندر کے تقدس کی حفاظت کیلئے تمام اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی حرکیاتی قیادت میں ملک اور ریاست مجموعی طور پر ترقی کریں گے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ بھارت دنیا بھر میں اول مقام حاصل کرے گا۔اس سے قبل چیف منسٹر نے اپنے ارکان خاندان کے ہمراہ پوجا کی۔

☆☆☆☆☆

کریم نگر کے رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے آج مرکزی وزارت داخلہ میں مملکتی وزیر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔وزارت کے عملہ نے گلدستہ کے ساتھ ان کا استقبال کیا۔اس موقع پر مرکزی وزیر نتیا نند رائے موجود تھے۔سری ویروپکشا ودیارانیا مہاسمستھانم کے سربراہ جگد گرو اور ہمتی مٹ کے ودیارانیا بھارتی سوامی جی موجود تھے۔بنڈی سنجے نے کہا کہ وہ وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی رہنمائی میں خود کو ملک کی خدمت کیلئے وقف کردیں گے۔

☆☆☆☆☆

محبوب نگر لوکل باڈیز کے ایم ایل سی نوین ریڈی اور ورنگل، کھمم ،نلگنڈہ گریجویٹ حلقہ کے ایم ایل سی چنتا پنڈ نوین کمار عرف تین مار ملنا نے آج حلف لے لیا۔بی آر ایس کے نوین ریڈی اور کانگریس کے تین مار ملنا حال ہی میں قانون ساز کونسل کیلئے منتخب ہوئے۔قانون ساز کونسل کے صدر نشین گپتا سکھیندر ریڈی نے دونوں کو حلف دلایا۔اس تقریب کے بعد بی آر ایس کے ایم ایل سی نوین ریڈی نے کہا کہ وہ اپنی کامیابی کو تلنگانہ کے شہدا کے لئے وقف کرتے ہیں۔اس موقع پر اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد، اے آئی سی سی کی تلنگانہ انچارج دیپا داس منشی، وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ، بی آر ایس کے لیڈرس اور سابق وزراء سبیتا اندرا ریڈی، سرینواس گوڑ اور دوسرے موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ نیشنل ایلیجی بیلیٹی کم انٹرنس ٹسٹ انڈر گریجویٹ یعنی نیٹ یو جی 2024 کے امتحان کے سوالیہ پرچہ کے افشاء کا کوئی ثبوت نہیں ملا ہے۔اس نے امتحان میں دھاندلیوں کا الزام بھی مسترد کردیا ہے۔دلی میں مرکزی وزیر تعلیم کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرنے کے بعد دھرمیندر پردھان نے میڈیا کو بتایا کہ یہ معاملہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے۔اور ماہرین تعلیم کی ایک کمیٹی امتحان کے تعلق سے اٹھائے گئے سوالات کی چھان بین کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے آج سپریم کورٹ سے کہا کہ نیٹ انڈر گریجویٹ 2024 کے ایک ہزار پانچ سو تر سٹھ طلبہ کو ایم بی بی ایس، بی ڈی ایس اور دیگر کورسیس میں داخلوں کیلئے اضافی نشانات دینے کا فیصلہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ مرکز اور نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی کے وکیل نے جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی ویکیشن بنچ کو بتایا کہ جن امیدواروں کو اضافی نشانات دیئے گئے تھے انہیں 23 جون کو منعقد ہونے والے دوبارہ ٹسٹ میں شرکت کا موقع دیا جائے گا۔ این ٹی اے کے وکیل نے بتایا کہ کونسلنگ کیلئے جس شیڈول کا پہلے اعلان کیا گیا تھا اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی کیوں کہ دوبارہ منعقد کیے جانے والے ٹسٹ کے نتائج تیس جون تک آجائیں گے۔ سپریم کورٹ نے پھر ایک بار کہا کہ وہ نیٹ یو جی 2024 کے داخلوں اور کونسلنگ کے عمل پر اسٹے نہیں دے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت آئندہ پانچ سال نے دفاعی برآمدات کو پچاس ہزار کروڑ روپئے تک بڑھانے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج اپنی وزارت کا جائزہ لینے کے بعد کہا کہ بھارت نے پہلے ہی 21 ہزار کروڑ روپئے کا دفاعی ساز و سامان برآمد کیا ہے جو تاریخی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک مضبوط اور خود کفیل بھارت کی تعمیر چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی اور سکیورٹی فورسیس کی بہبود حکومت کی ترجیح رہے گی۔

☆☆☆☆☆

کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج دلی کے شاستری بھون میں اپنے چیمبر میں اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے چارج لینے سے قبل سری وینکٹیشورا سوامی مندر اور تلنگانہ بھون میں واقع کنا کا درگا مندر میں خصوصی پوجا کی۔ انہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور تلنگانہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے بعد میں گرودوارہ بنگلہ صاحب میں عبادت کے بعد چارج حاصل کیا۔

☆☆☆☆☆

انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ریاست میں بھیڑوں کی افزائش کی اسکیم میں مبینہ گھپلے کی تحقیقات کرے گی۔ انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ منی لانڈرنگ کے الزامات کی چھان بین کرے گی۔ ای ڈی نے تلنگانہ اسٹیٹ شیپ اینڈ گوٹ ڈیولپمنٹ کوآپریٹیو فیڈریشن سے درخواست کی ہے کہ وہ ضلع واری استفادہ کنندگان کی تفصیلات فراہم کرے۔ تحقیقاتی ایجنسی نے بینک ان بینک کھاتوں کے بارے میں بھی تفصیلات طلب کی ہے جن میں ٹی ایس ایس جی ڈی سی پی ایل نے اضلاع کے عہدیداروں اور استفادہ کنندگان کیلئے رقم جمع کی تھی۔ انٹی کرپشن بیورو اس مبینہ گھپلے کی پہلے ہی تحقیقات کر رہا ہے اور اس نے بے قاعدگیوں میں مبینہ طور پر ملوث سابق عہدیداروں کو حراست میں لے لیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرابابو نائیڈو نے آج شام چار بجکر اکتالیس منٹ پر سکریٹریٹ میں آندھراپردیش کے چیف منسٹر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے سب سے پہلے میگا ڈی ایس سی سے متعلق فائل پر دستخط کئے۔ انہوں نے لینڈ ٹائیٹلنگ ایکٹ کی منسوخی، سوشیل سکیورٹی پنشن میں اضافہ، اسکیل سنسیس کے انعقاد اور انا کینٹن کو دوبارہ کھولنے سے متعلق فائیلوں پر بھی دستخط کئے۔ چندرابابو نائیڈو جب اپنے مکان سے سکریٹریٹ جا رہے تھے تو راستہ میں امراوتی کے کسانوں نے ان کا استقبال کیا۔ سکریٹریٹ میں عہدیداروں اور عملہ نے ان کا خیر مقدم کیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پاور جنریشن کوآپریشن لمیٹیڈ نے اعلان کیا ہے کہ اسسٹنٹ انجینئرس الیکٹریکل میکانیکل الیکٹرانکس اور سیول اور کیمسٹس کے عہدوں کیلئے کمپیوٹر پر مبنی آن لائن ٹسٹ چودہ جولائی کو منعقد ہوگا۔ یہ ٹسٹ اکتیس مارچ کو ہونے والا تھا لیکن لوک سبھا انتخابات کیلئے ضابطہ اخلاق کی وجہ سے اسے ملتوی کر دیا گیا تھا۔ امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ تین جولائی سے ٹی جی جینکو کی ویب سائیٹ سے ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کرے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر شہری ہوابازی کے رام موہن نائیڈو نے آج دہلی میں اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ فضائی سفر کو آسان بنانا ان کی اولین ترجیح ہوگی۔ فضائی کرایوں کے بارے میں انہوں نے کہا کہ کرایوں میں کمی ان کی ترجیح ہوگی۔

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے گروپ ون سرویس کے عہدوں کے لئے منعقدہ امتحان کی ابتدائی KEY جاری کردی ہے۔اہل امیدوار جوابات کی KEY ٹی پی ایس سی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ابتدائی KEY اور ماسٹر سوالیہ پرچہ ویب سائیٹ پر سترہ جون تک دستیاب ہوگا۔

☆☆☆☆☆

فیڈریشن آف تلنگانہ چمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنے ایکسلسنس ایوارڈ 2023 کے لئے تلنگانہ میں تاجروں سے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ایکسلنس ایوارڈ کی کمیٹی کے چیئرمین کے ایس جستی نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نامزدگی کی فیس ادا کرنے اور نامزدگی پیش کرنے کی آخری تاریخ بیس جون ہے۔FTCCI کے صدر جئے دیو نے کہا کہ ان ایوارڈس کا مقصد تجارت اور صنعت کو فروغ دینا ہے۔جملہ 21 زمروں میں ایوارڈس پیش کیے جائیں گے۔اس سال دو زمروں کا اضافہ کیا گیا ہے۔چیف منسٹر ریونت ریڈی آئندہ مہینہ کی پانچ تاریخ کو یہ ایوارڈ پیش کریں گے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے دعویٰ کیا ہے کہ انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کے خلاف ایک مقدمہ درج کرلیا ہے۔میدک میں آج پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی ایک ٹیم حیدرآباد پہنچ گئی ہے۔تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ انہیں یہ خبر کن ذرائع سے ملی ہے۔میدک کے رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ چندر شیکھر راؤ، سابق وزیر ہریش راؤ اور میدک حلقہ میں ان کے خلاف مقابلہ کرنے والے وینکٹ رام ریڈی کیلئے آنے والے دن سخت ہوں گے۔

☆☆☆☆☆